مولانا محمد ابراہیم فانی

تعارف وتبصرہ کتب

ھدایۃ النحو کے سولہ سالہ حل شدہ پرچہ جات مع ازالۃ السھو عن ھدایۃ النحو

مرتب: مولانا ابوسعید اللہ بخش ظفر، مدرس جامعہ خیر المدارس ملتان

ضخامت: ۲۰۰ صفحات قیمت: ۸۰ صفحات

ملنے کا پتہ: مکتبہ خلیلیہ بستی حسین آباد۔ چک روہاڑی مظفر گڑھ

زیر تبصرہ کتاب میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب میں شامل علم نحو کی مشہور کتاب ہدایہ النحو کے سولہ سالہ وفاقی پرچہ جات برائے بنین و بنات کا حل انتہائی شرح وبسط کے ساتھ کیا گیا ہے اور علم نحو کے متعلق کوئی ضابطہ ایسا نہیں جو کہ اس میں موجود نہ ہو جس کی وجہ سے یہ کتاب گویا ہدایہ النحو کی ایک مبسوط اور مفصل شرح ہے اور اس میں امتحان میں شریک امیدواروں کے لئے ایسے رہنما اصول اور ضوابط ذکر کئے گئے ہیں جس کی روشنی میں طالب علم سوالات انتہائی آسانی کے ساتھ حل کرنے پر قادر ہو جاتا ہے اس کے علاوہ آخر میں تمام کتاب ہدایۃ النحو کا خلاصہ عربی میں جامع اور دلنشین انداز میں پیش کیا گیا ہے جس سے کتاب کے غوامض اور مشکل مقامات بہت خوبی اور آسانی کے ساتھ ضبط میں آسکتے ہیں اللہ تعالیٰ مولف کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے یہ عظیم علمی خدمت انجام دی۔ انشاء اللہ اس کتاب سے مدرسین اور تلامذہ یکساں طور پر مستفید ہوں گے۔

کتاب: اربونہ سلامونہ (منظوم سیرت النبیؐ) (پشتو) ناظم: جناب سراج الاسلام سراج صاحب

ضخامت: ۷۲ صفحات قیمت: ۴۰ روپے

ملنے کا پتہ: دارالعلوم اسلامیہ اضاخیل بالا۔ ضلع نوشہرہ

محترم سراج الاسلام سراج صاحب ممتاز ماہر تعلیم، مستند مترجم و محقق و ماہر لسانیات و ماہر علم اعداد ہونے کے ساتھ ساتھ اردو فارسی اور پشتو کے بہترین قادر الکلام شاعر بھی ہیں۔ آپ کی کئی کتابیں نظم اور نثر میں منصۂ شہود پر آئی ہیں زیر تبصرہ کتاب ربیع الاول (اور ظہور قدسیؐ کی مناسبت سے پشتو زبان میں بشکل مخمس ایک مسلسل نظم ہے۔ جس میں سیرت نبویؐ کے متعلق تمام اہم واقعات معجزات غزدات اور ظہور قدسی کے بارے میں دیگر ایمان پرور مضامین انتہائی